# 13-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔خواتین ریزرویشن اورڈی لمی ٹیشن کے پیچھے سیاست تیز ہوگئی ہے۔وزیراعلیٰ کاالزام۔

۲۔ڈی لمی ٹیشن کی وجہ سے جنوبی ریاستوں کی سیٹیں کم ہونے اوران کے ساتھ ناانصافی ہونے سے متعلق غلط تشہیر ہورہی ہے۔مرکزی وزیرکشن ریڈی کا بیان۔

۳۔ریاستی وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھاکرنے کہا کہ سڑک حادثات کوروکنےاور کیئے جانے والے احتیاطی تدابیر سے عوام کوواقف کروانے کیلیئے ہی شعور بیداری پروگرام منعقد کیئے جارہے ہیں۔

اور

۴۔ڈبل انجن سرکارکی وجہ سے ہی ریاست میں ترقی ممکن۔تلنگانہ بی جے پی صدرکابیان۔

Harish Rao - Sangareddy

ریاستی وزیرہریش راؤنےضلع سنگاریڈی کے سداشیو پیٹ کا دورہ کیا۔اس دوران انہوں نے ضلع مارکیٹنگ سوسائٹی خریداری مرکز کا جائزہ لیا۔ہریش راؤنے ریاست کے کسانوں کی جانب سے لائی گئی تمام فصل کی خریداری کا مطالبہ کیا۔ہریش راؤنے کہا کہ ریاست کے کسان دلالوں کے چکر میں پھنس کرآمدنی سے محروم ہورہے ہیں۔انہوں نے باریک چاول پر بونس دینے کا حکومت نے جووعدہ کیا تھااسے پورا کریں۔

Kishan Reddy - Mines

مرکزی وزیرکشن ریڈی نے کہا کہ کانکنی میں حکومت سنجیدگی سے اپنے فرائض انجام دے رہی ہے۔ہراج معاملہ میں صنعتیں حصہ لے رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت 46 کانوں

کے ہراج کیلئے تیار ہے۔6 مرحلوں میں 19 کانوں کا ہراج کیا جائے گا۔کشن ریڈی نے کہا کہ ملک میں پہلی بار کانکنی کے شعبہ میں لائسنس جاری کیا جارہا ہے۔ ریکارڈ سطح پر اِس سال 225 مائنگ بلاکس کا ہراج ہوا ہے۔ ماحولیات کونظر میں رکھتے ہوئے حکومت آگے بڑھ رہی ہےاورصنعتوں کوبھی ملک کے مفاد میں ترقی کیلئے کام کرنے کا مشورہ دیا۔

Sound Byte - Kishan Reddy

TET Notification

تلنگانہ حکومت نے ٹیٹ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ اِس ماہ کی 15 تاریخ سے 30 تاریخ تک درخواستیں آن لائن قبول کی جائیں گی اور 9 جون سے ہال ٹکٹ جاری کئے جائیں گے۔15 سے 30 جون تک آن لائن ٹیٹ امتحان منعقد ہوگا۔ جولائی 28 سے 31 کے درمیان نتائج جاری کئے جائیں گے۔

Poonam - Arrive Alive

آرئیو۔آلائیو پوسٹرکوریاستی وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھاکرنے جاری کیا۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ اس ماہ کی 18 تاریخ سے روڈ سیفٹی پروگرام منعقد کیا جارہا ہے۔ پولیس اورٹرانسپورٹ ڈپارٹمنٹ مشترکہ طور پرآرئیو۔آلائیو پروگرام رکھا گیا ہے۔ سڑک حادثات کی روک تھام اوراس کیلئے اختیار کئے جانے والے احتیاطی تدابیر سے متعلق عوام میں شعور بیدار کیا جائے گا۔اس کے علاوہ مختلف پروگرامس منعقد کئے جائیں گے۔ اِس دوران آرٹی سی کے انضمام سے متعلق ریاستی وزیر نے کہا کہ کمیٹی اِس کا جائزہ لے رہی ہے۔انہوں نے ملازمین سے ہڑتال نہ کرنے کی اپیل کی۔ ریاستی وزیرنے کہا کہ حکومت ملازمین کے مسائل کیلئے سنجیدہ ہے۔

Seethakka - KCR

بی آر ایس سربراہ کے چندر شیکھر راؤ کو ریاستی وزیر سیتا اکا نے لیگل نوٹس جاری کیا۔انہوں نے کہا کہ آنگن واڑی موبائل فون خریداری کے معاملہ میں بی آر ایس کے سوشل میڈیا میں غلط تشہیر کی جارہی ہے جس سے محکمہ کی ساکھ متاثر ہورہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اِس کی ذمہ داری کے سی آر پر عائد ہوتی ہے۔ ریاستی سیتا اکا نے اندرون 48 گھنٹے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم سے اِس پوسٹ کو ہٹانے اور معافی مانگنے کا مطالبہ کیا۔بصورت دیگر قانونی کارروائی کی جائے گی۔

Kishan Reddy Reaction

اسمبلی حلقوں کی زمرہ بندی کے معاملہ میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نہ تجربہ کار ہیں۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ ڈی لمی ٹیشن کی وجہ سے جنوبی ریاستوں کی سیٹیں کم ہوسکتی ہیں، ریونت ریڈی کے اس بیان میں کوئی سچائی نہیں ہے۔کشن ریڈی نے کہا کہ وہ جنوبی ہندوستان کی نمائندگی کرتے ہیں اور جنوبی ہندوستان کے ساتھ انصاف کریں گے۔ 2011 مردم شماری کے مطابق ڈی لمی ٹیشن کی کارروائی آگے بڑھ رہی ہے۔ ڈی لمی ٹیشن کی کارروائی تقریباً 2 سال میں مکمل ہوجائے گی۔کشن ریڈی نے کہا کہ ڈی لمی ٹیشن اور خواتین ریزرویشن جیسے مسائل پر سیاست نہیں ہونی چاہئے۔

CM Tweet on PM

لوک سبھا کی سیٹوں میں اضافہ کے معاملہ پر سب لوگوں کی رائے حاصل کرنا ضروری ہے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ خواتین ریزرویشن اور ڈی لمی ٹیشن دو الگ الگ معاملے ہیں۔ 2027ء کی مردم شماری کو نظر میں رکھتے ہوئے ڈی لمی ٹیشن کرنا ٹھیک

نہیں ہے اور مرکزی حکومت 2011 کی مردم شماری کے مطابق سیٹوں میں اضافہ کرنے کی کوشش کررہی ہے اگر اس فارمولہ پر عمل کیا جائے تو جنوبی ریاستوں اور چھوٹی ریاستوں کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔ اِس معاملہ پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے وزیراعظم نریندر مودی کو ٹوئٹ کرتے ہوئے اس بات کی جانکاری دی۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ خواتین ریزرویشن بل کو تمام لوگوں کی تائید حاصل ہے مگر مرکزی حکومت خواتین ریزرویشن کے نام پر لوک سبھا کی سیٹوں میں اضافہ کرنے کی کوشش کررہی ہے۔

Temperature

آئندہ تین دنوں کے دوران تلنگانہ میں درجہ حرارت دو سے تین ڈگری تک بڑھ سکتا ہے۔ حیدرآباد محکمہ موسمیات نے اِس بات کی جانکاری دی۔ محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے بتایا کہ درجہ حرارت میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے عوام کو چوکس رہنے کا مشورہ دیا۔ آج نظام آباد، عادل آباد میں سب سے زیادہ 41 ڈگری درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح سوریہ پیٹ، بھدراچلم، ہنمکنڈہ، راما گنڈم میں 39 ڈگری جبکہ حیدرآباد، محبوب نگر اور کریم نگر میں 38 ڈگری درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

BJP Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی صدر رام چندر راؤ نے کہا کہ ڈبل انجن سرکار کی وجہ سے ریاست میں ترقی ممکن ہے۔ نرمل ضلع کے خانہ پور میونسپل چیرمین اور وائس چیرمین کی حلف برداری تقریب میں شرکت کے موقع پر رام چندر راؤ نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کی اسکیموں کے ساتھ خانہ پور میونسپلٹی کو ترقی دی جائے گی۔ مرکزی حکومت کی اسکیموں کی وجہ سے اگر ریاست

میں ترقی چاہتے ہوتو آئندہ انتخابات میں بی جے پی کو اقتدار میں لانا ہوگا۔

Sound Byte - Ramchander Rao

CM - PC

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ خواتین ریزرویشن اور اسمبلی حلقوں کی زمرہ بندی یہ معاملے ملک کی عوام سے متعلق ہے۔ آج وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سکریٹریٹ میں پریس کانفرنس کے دوران یہ بات کہی۔ اِس دوران انہوں نے مرکز کی بی جے پی حکومت پر سخت تنقید کی اور کہا کہ بی جے پی اِس معاملہ پر اپنے ذاتی مفاد کیلئے کام کررہی ہے۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ خواتین ریزرویشن اور ڈی لمی ٹیشن ساتھ ہی ساتھ پرانے مردم شماری پر سیاست ہورہی ہے۔ این ڈی اے حکومت میں جنوبی ریاستوں کے سوتیلا برتاؤ کیا جارہا ہے۔ 33 فیصد خواتین ریزرویشن کو کانگریس کی مکمل تائید حاصل ہے۔

Sound Byte - CM Revanth Reddy

Asifabad

سنٹرل امپیکٹ آفیسر رجت سینی نے ضلع کلکٹر کے ہریت کے ساتھ مل کر ضلع عادل آباد کا دورہ کیا۔ عادل آباد کے ربین منڈل کے مستقر میں چل رہے آنگن واڑی مرکز اور پرائمری ہیلتھ سنٹر کا جائزہ لیا۔ سنٹرل امپیکٹ آفیسر رجت سینی نے کہا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے فراہم کی جارہی سہولیات سے طلبہ مستفید ہورہے ہیں اور انہیں تغذیہ بخش غذا فراہم کی جارہی ہے۔ اِس دوران انہوں نے طلبہ کو فراہم کی جارہی سہولیات سے متعلق مقامی عہدیداروں سے تفصیلات حاصل کی۔

Cricket

حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں آج آئی پی ایل کا میاچ کھیلا جائے گا۔سن رائزرس حیدرآباد اور راجستھان رائلز کے بیچ میاچ کھیلا جائے گا۔شام ساڑھے سات بجے میاچ کا آغاز ہوگا۔واضح رہے کہ اِس سیزن میں راجستھان رائلز مسلسل کامیابی حاصل کرتے ہوئے فام میں ہے جبکہ سن رائزرس حیدرآباد ہوم گراؤنڈ پر کامیابی حاصل کرنے کے مقصد سے میدان میں اترے گی۔

OO